# حکومتِ پاکستان
## وزارتِ مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی
## اسلام آباد

محترم/محترمہ!

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

آپ نے امسال حج بیت اللہ کا ارادہ کیا ہے جو کہ ایک مقدس سفر اور اسلام کی افضل ترین عبادات میں سے ہے اس کے لئے میں آپ کو مبارکباد پیش کرتا ہوں اور دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کی اس افضل ترین عبادت کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائے۔ آپ نے اس مقدس سفر کیلئے گورنمنٹ حج سکیم کا انتخاب کیا ہے جس پر میں آپ کا تہہ دل سے مشکور ہوں۔ ہماری کوشش ہوگی کہ ہم آپ کے اعتماد پر پورا اترتے ہوئے بہتر سے بہتر انتظام کریں۔

ہدایات میں دی گئی تمام شرائط کو غور سے پڑھیں اور سمجھیں جس کے بعد ڈیٹا کلیکشن فارم خود پُر کریں یا وزارت کی ویب سائٹ پر آن لائن مطلوبہ کوائف کا اندراج کریں۔ بصورت دیگر لازم ہے کہ یہ فارم بینک کے عملہ سے پُر کروایا جائے اور پُر کروانے کے بعد بغور سن کر اطمینان کر لیں کہ آپ کے کوائف کا Bank's Online Entry System میں درست اندراج ہوا ہے۔ تاکہ کسی غلطی کی وجہ سے آپ کی درخواست مسترد نہ ہو جائے۔ درخواستوں کی وصولی کی آخری تاریخ کے تقریباً 7 دن کے اندر وزارت کی جانب سے کامیابی یا ناکامی کی اطلاع کر دی جائے گی۔

قرعہ اندازی میں کامیابی کی صورت میں اس مبارک سفر کی رحمتیں اور برکتیں حاصل کرنے کے لئے فوراً تیاری شروع کر دیں۔ سب سے اہم تیاری روحانی پاکیزگی اور ایمان کی تازگی ہے۔ یہ عبادت چونکہ روحانی کے ساتھ ساتھ بدنی اور مشقت طلب ہے اس لئے آپ اپنے جسم کو اس مشقت کے قابل بنانے کے لئے ابھی سے روزانہ ہلکی ورزش کا اہتمام کریں، پیدل چلنے کو معمول بنا لیں اور اپنی صحت کا خیال رکھیں تاکہ دورانِ حج آپ کو زیادہ مشکلات کا سامنا نہ ہو۔ علاوہ ازیں حج کے ضروری لوازمات سے آگاہی اور مناسک حج کی مناسب تربیت بھی نہایت ضروری ہے۔ حج معلومات پر مبنی کتابوں کا مطالعہ کریں۔ تربیتی پروگراموں میں شرکت کا شیڈول آپ کو بروقت مل جائے گا۔ ان میں شمولیت لازمی ہے۔ وزارت نے ''حج تربیتی پروگرام'' کا معلوماتی کتابچہ بھی تیار کیا ہے جو تربیتی پروگراموں کے دوران تقسیم بھی کیا جائے گا۔ مذکورہ کتابچہ متعلقہ حاجی کیمپوں میں اور وزارت کی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہوگا۔ حج انتظامات کے بارے میں مزید معلومات وزارت کی ویب سائٹس (mora.gov.pk یا www.hajjinfo.org) سے بھی حاصل کی جا سکتی ہیں۔

آپ سے امید کی جاتی ہے کہ دوران قیام سعودی عرب میں آپ ایک خوددار اور مہذب قوم کے نمائندے کے طور پر اپنی روحانی اور مذہبی ذمہ داریاں بخوبی ادا کریں گے، سعودی قوانین کی پابندی کریں گے اور حرم پاک کے تقدس کے پیش نظر صفائی کا خاص خیال رکھیں گے۔

وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی کی بھرپور کوشش ہوگی کہ حجاج کرام کو حج بیت اللہ کی سعادت کے لیے زیادہ سے زیادہ سہولیات بہم پہنچائی جا سکیں اور سعودی عرب میں آپ کے قیام کو ممکن حد تک آرام دہ بنایا جا سکے۔ میں امید کرتا ہوں کہ حجاج کرام بھی وزارت کے ساتھ اس ضمن میں بھرپور تعاون فرمائیں گے۔

والسلام

آپکا خیر اندیش

**( ڈاکٹر سید عطاء الرحمان )**

سیکرٹری

### پاکستان میں اہم ٹیلیفون نمبر

| نمبر شمار | اہم مقامات | | فون نمبر | شہری کوڈ | ای میل |
|---|---|---|---|---|---|
| 1 | وزارتِ مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، فرسٹ فلور، کوہسار بلاک، نیو پاک سیکریٹریٹ، اسلام آباد | برائے حج معلومات (Inquiry) | 9216980,9216981, 9216982,9205696 | 051 | hajjinfo@mora.gov.pk |
| | | برائے حسابات (Refund) | 9208465 | | aorefund@mora.gov.pk |
| 2 | حاجی کیمپ اسلام آباد: مدینۃ الحجاج، سیکٹر I-14، نزد کوہ نور ٹیکسٹائل ملز، اسلام آباد | | 9247577, 9247575 | 051 | hajicampibd@yahoo.com |
| 3 | حاجی کیمپ کراچی: بیت الحجاج نیو حاجی کیمپ مولوی تمیز الدین خان روڈ سلطان آباد، کراچی | | 99204761, 35688307 | 021 | dhk.khi@gmail.com |
| 4 | حاجی کیمپ لاہور: ڈائریکٹوریٹ آف حج، بوہڑ والا چوک نکلسن روڈ نزد ریلوے اسٹیشن، لاہور | | 99205088, 99205085 | 042 | dhlahore@gmail.com |
| 5 | حاجی کیمپ پشاور: حج کمپلیکس، سیکٹر E-8، فیز 7 حیات آباد، پشاور | | 9219012, 9219050 | 091 | hajicamp.psw@gmail.com |
| 6 | حاجی کیمپ کوئٹہ: حج کمپلیکس، ویسٹرن بائی پاس، نزد آر۔ ڈی۔ اے کمپلیکس، کوئٹہ | | 9213021, 9213326 | 081 | qtahajicamp@yahoo.com |
| 7 | حاجی کیمپ ملتان: ذکریا زائرین کمپلیکس، قلعہ کہنہ، نزد قاسم باغ اسٹیڈیم، ملتان | | 9330058 | 061 | dhmultan786@gmail.com |
| 8 | حاجی کیمپ سکھر: ایئرپورٹ روڈ، نزد آرائیں شاپ، سکھر | | 5816078, 5816052 | 071 | hajicampsukkur@gmail.com |

## ہدایات برائے ڈیٹا کلیکشن فارم برائے گورنمنٹ حج (ریگولر / اسپانسر شپ) سکیم 2024ء(1445ھ)

یہ ہدایات صرف گورنمنٹ حج (ریگولر / اسپانسر شپ) سکیم برائے حج 2024ء کے لئے ہیں۔ڈیٹا کلیکشن فارم پُر کرنے سے پہلے ضروری ہدایات اور شرائط اہلیت کو اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لیں ایسا نہ ہو کہ کسی غلطی کی وجہ سے آپ کی درخواست مسترد ہو جائے۔**اسپانسر شپ حج اسکیم** کے تحت وزارت کے مخصوص ڈالر اکاونٹ میں بیرون ملک سے غیر ملکی زرمبادلہ منگوانے والے عازمین حج کے لیے خاص سہولت دی گئی ہے۔بیرون ملک مقیم پاکستانی اپنے لئے یا پاکستان میں موجود اپنے عزیز و اقارب کیلیئے اس اکاؤنٹ میں مختص کردہ ڈالرز بھجوانے پر قرعہ اندازی سے استثناء حاصل کر سکیں گے۔پاکستان سے ڈالرز جمع کرانے کی اجازت نہیں ہے۔اسپانسر شپ حج اسکیم کے لئے 25,000 عازمین حجاج کا کوٹہ مختص کیا گیا ہے۔جو کہ ''پہلے آیئے۔۔پہلے پایئے'' کی بنیاد پر استعمال کیا جائے گا۔جس کا تعین حج فارم بینک میں جمع ہونے کے وقت اور تاریخ سے کیا جائے گا۔اسپانسر شپ اسکیم کا مختص کوٹہ مکمل ہونے پر رجسٹریشن کے عمل کو روک دیا جائے گا۔سپانسر شپ اسکیم سے حاصل ہونے والا زرمبادلہ کو سعودی عرب میں حج سے متعلقہ واجبات کی ادائیگی کے لیے استعمال کیا جائے گا۔اسپانسر شپ کے درخواست گزاروں کا پاکستان سے سفر کرنا لازمی ہے۔**ریگولر حج سکیم** کے امیدواران کا انتخاب جمع ہونے والی درخواستوں میں سے شفاف انداز میں ''قرعہ اندازی'' کے ذریعے ہو گا اور یہ ''قرعہ اندازی'' گروپ کی بنیاد پر ہوگی۔گروپ کی کامیابی/ناکامی کی صورت میں پورا گروپ کامیاب/ناکام تصور ہوگا۔

**A- آن لائن رجسٹریشن برائے حج 2024ء/1445ھ**: عازمینِ حج کی سہولت کے لئے آن لائن رجسٹریشن (applyonline.hajjinfo.org) کا اجراء 27 نومبر 2023 سے شروع ہو جائے گا۔جس کے تحت عازمینِ حج گھر بیٹھ کر اپنے کوائف کا اندراج کر سکتے ہیں۔آن لائن درخواست پُر کرنے کے بعد متعلقہ بینک میں واجبات حج 27 نومبر سے 12 دسمبر 2023 تک جمع کرا کر Hajj Registration Receipt ضرور حاصل کریں ورنہ آپ کی Online Registration نامکمل تصور ہوگی۔

**B-ڈیٹا کلیکشن فارم جمع کرانے کی تاریخ:۔**

ڈیٹا کلیکشن فارم وزارت کی طرف سے نامزد کردہ بینکوں سے مشتہر کردہ تاریخوں کے دوران حاصل کر کے مکمل طور پر پُر کرنے کے بعد جمع کروائے جا سکتے ہیں۔

**C-واجبات حج:**

| حج اسکیم اور اختیاری سہولیات | | جنوبی ریجن (کراچی، کوئٹہ، سکھر) | شمالی ریجن (دیگر شہر) |
|---|---|---|---|
| لانگ حج پیکج | ریگولر حج سکیم | Rs. 1,065,000 | Rs. 1,075,000 |
| (38تا42دن/مدینہ 8دن) | اسپانسر حج سکیم | US$ 3,765 | US$ 3,800 |
| شارٹ حج پیکج | ریگولر حج سکیم | Rs. 1,140,000 | Rs. 1,150,000 |
| (20 تا 25 دن/مدینہ 3 تا 5 دن) | اسپانسر حج سکیم | US$ 4,015 | US$ 4,050 |
| اختیاری سہولیات | منیٰ عرفات میں مکتب کیٹگری "C" (صرف اسپانسر شپ کیلیئے بشرط دستیابی) | | US$ 300 |
| (اضافی اخراجات لاگو ہیں، سہولت نہ ملنے کی صورت میں | مکہ میں رہائش کی کیٹیگری ڈبل بیڈ | Rs. 180,000 | US$ 635 |
| اخراجات واپس کیے جائیں گے۔) | (الگ کمرہ بشرط دستیابی) ٹرپل بیڈ | Rs. 60,000 | US$ 215 |
| | قربانی | Rs. 60,000 | US$ 215 |
| | لانگ پیکج میں مدینہ 3 سے 5 دن قیام کی رعایت | (Rs. 35,000) | (US$ 120) |

مندرجہ بالا پیکیج میں حجاج کرام کی ٹریننگ، ویکسی نیشن، طبی سہولیات (سعودی عرب میں)، دوطرفہ ہوائی جہاز کا ٹکٹ، مکہ مکرمہ و مدینہ منورہ میں رہائش، کھانا، مشاعر میں مکتب کی سہولیات، ٹرانسپورٹ، سامان کی بورڈنگ، زم زم اور تکافل فنڈ شامل ہیں۔واجبات حج بمع اضافی اخراجات ملا کر کل حج اخراجات درخواست گزار کو متعلقہ بنک میں جمع کرانے ہونگے۔تمام درخواست دہندگان اضافی سہولیات جیسے مختصر پیکج، مدینہ منورہ میں مختصر قیام، علیحدہ رہائش اور مکتب وغیرہ کا انتخاب سوچ سمجھ کر کریں جو کہ بعد میں تبدیل نہیں ہوگا۔Infant (دو سال سے کم عمر کے بچوں) کے واجبات حج کی رقم بعد میں وزارت کی website پر Upload کر دی جائے گی۔

**D-حج کی درخواست دینے کیلیئے لازمی شرائط:**

(1) صرف وہ پاکستانی مسلمان اس سکیم کے تحت درخواست دے سکتے ہیں جن کے پاس نادرا کا جاری کردہ کارآمد اصل شناختی کارڈ اور پاکستانی کارآمد مشین ریڈایبل بین الاقوامی پاسپورٹ جس کی معیاد **16-12-2024** تک ہو۔پاکستانی مشین ریڈایبل بین الاقوامی پاسپورٹ قرعہ اندازی میں کامیابی کے بعد وزارت کی ہدایات کے مطابق متعلقہ بینک منیجر کے پاس جمع کرائیں گے۔پاسپورٹ وزارت کو براہ راست ارسال نہ کریں۔NICOP پاکستانی کارآمد مشین ریڈایبل بین الاقوامی پاسپورٹ کا نعم البدل نہیں ہے۔اسلئے قابل قبول نہیں ہے۔

(2) تمام درخواست گزار سرکاری حج سکیم میں درخواست دینے کے اہل ہوں گے، بشرطیکہ انہوں نے پچھلے پانچ حج سالوں (2017 سے 2019, 2022-23) میں سرکاری حج سکیم کے تحت حج ادا نہ کیا ہو۔البتہ وہ افراد جو کسی خاتون (جس نے پچھلے پانچ حج سالوں (2017 سے 2019, 2022-23) میں حج ادا نہ کیا ہو) کے محرم ہوں وہ دوبارہ حج کیلیئے درخواست دے سکتے ہیں۔اسپانسر شپ سکیم کے تحت درخواست گزار اس شرط سے مستثنیٰ ہیں۔

(3) کسی بھی عمر کی خواتین کو سفرِ حج کے لئے شرعی محرم کا ہونا ضروری ہے اور فقہ جعفریہ کی 45 سال یا اس سے زائد عمر کی خواتین بغیر محرم کے حج کی درخواست دے سکتی ہیں تاہم اسلامی نظریاتی کونسل کے 6 تا 7 جون 2023 کو منعقد کردہ اجلاس نمبر 232 میں کئے گئے فیصلے کے مطابق حج 2024 کی ادائیگی کے لئے ان شرائط کے ساتھ کسی محرم کی ضرورت نہیں ہوگی کہ i) ان کے والدین یا شوہر انہیں اجازت دیں ii) وہ کسی قابل اعتماد خواتین کے گروپ میں شامل ہوں iii) اور ان کو کسی قسم کے فساد یا خطرے کا اندیشہ نہ ہو۔ اس فیصلے کی روشنی میں محرم کے استثنیٰ کے لئے حلف نامہ دینا ہوگا۔(شرعی محرم: شوہر، والد، بھائی، بیٹا، دادا، نانا، سسر، چچا، ماموں، بھتیجا، بھانجا، پوتا، نواسہ، داماد)

(4) امسال سعودی تعلیمات کے مطابق مکمل طور پر صحت مند افراد ہی حج کیلئے اہل ہوں گے۔ ایسے اشخاص جو بلغمی تب دق، شدید دمہ، شدید امراض قلب اور جن کا شوگر (ذیابیطس) اور بلڈ پریشر قابو میں نہ ہو یا شدید نفسیاتی مریض افراد حج کیلئے اہل نہیں۔

(5) امسال سعودی تعلیمات کے مطابق عازمینِ حج کے لئے سعودی حکومت کی طرف سے منظور کردہ ویکسین لگوانا لازمی ہے بصورتِ دیگر حج کے لئے اہل نہیں ہونگے۔

(6) ایسی خواتین جن کو حج روانگی کے وقت پانچ مہینے سے زیادہ کا حمل ہو ان خواتین کو حج پر جانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ حج پر روانگی سے پہلے وزارت حاجی کیمپ میں لیڈی ڈاکٹر سے طبی معائنہ بھی کرواسکتی ہے۔

(7) میڈیکل سرٹیفکیٹ بمعہ کووڈ-19 کرونا ویکسین کی تفصیلات جمع کروانا لازمی ہوگا۔ میڈیکل سٹیفکیٹ پر سرکاری/نیم سرکاری/فوجی/حکومتی خودمختار ادارے/کارپوریشن ہسپتال کے ڈاکٹر سے تصدیق کرانا ضروری ہے۔ <u>پرائیویٹ ڈاکٹر کا تصدیق کردہ میڈیکل سٹیفکیٹ قابل قبول نہیں ہوگا۔</u> حج پر روانگی سے پہلے وزارت آپ کا متعلقہ حاجی کیمپ میں دوبارہ طبی معائنہ بھی کرواسکتی ہے۔ میڈیکل سرٹیفکیٹ صحت کے مطابق نہ ہونے کی صورت میں عازمین کو حج پر جانے سے روک لیا جائے گا۔ علاوہ ازیں **میڈیکل سرٹیفکیٹ میں کسی قسم کی غلط بیانی کی صورت میں درخواست گزار کے علاج معالجے اور وطن واپس بھیجے جانے پر ہونے والے اخراجات درخواست گزار خود برداشت کرے گا اور میڈیکل سرٹیفکیٹ جاری کرنے والے مجاز ڈاکٹر/ادارے کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے گی۔**

(8) 80 سال سے زائد، خصوصی (Special Person) اور معذور ہونے کی صورت میں معاون کا ساتھ ہونا ضروری ہے۔ لہٰذا ایسے درخواست گزار اپنے حج فارم کے متعلقہ کالم میں معاون کا درخواست نمبر ضرور درج کریں جو سفرِ حج میں ان کے ساتھ رہے اور مناسکِ حج کی ادائیگی میں ان کی مدد کرنے کی ذمہ داری اٹھائے۔

(9) ایسے اشخاص جو سعودی گورنمنٹ کی طرف سے بلیک لسٹ ہوں یا جن کا نام ECL میں ہو یا کسی عدالت نے سفر پر پابندی لگائی ہو ان کو سفر حج <u>2024</u>ء پر جانے کی ہرگز اجازت نہیں ہوگی۔

(10) کامیاب درخواست گزار کی فلائٹ بکنگ کے بعد حج پر نہ جانے کی صورت میں اسکے واجبات کی واپسی ضروری اخراجات (ویزہ فیس، مکہ رہائش کے اخراجات) کی کٹوتی کے بعد ادا کی جائے گی۔ موت کی صورت میں، سنگین بیماری کی وجہ سے ہسپتال میں داخل ہونے کی صورت میں مجاز طبی اداروں سے اصل میڈیکل سرٹیفکیٹ جمع کرانے پر حج کے مکمل واجبات واپس کر دیے جائیں گے۔ ECL، بلیک لسٹ، محکمہ کی جانب سے این او سی جاری نہ کرنے کی صورت میں کوئی کٹوتی نہیں کی جائے گی۔

(11) **بینک اکاؤنٹ:** تمام درخواست گزاروں کیلئے بینک اکاؤنٹ (سنگل یا جوائنٹ) فراہم کرنا لازمی ہے۔ جن عازمین حج کا کوئی بینک اکاؤنٹ نہیں ان کی سہولت کے پیشِ نظر تمام متعلقہ بینکوں کو آسان اکاؤنٹ کھولنے کے لئے ہدایات دے دی گئی ہیں۔ اس اکاؤنٹ میں ناکامی کی صورت میں حج واجبات واپس کر دیے جائیں گے۔ البتہ 18 سال سے کم عمر بچوں کیلئے ان کے والد یا والدہ کا بینک اکاؤنٹ فراہم کرنا ہوگا۔ اسپانسر شپ کے درخواست گزاروں کیلئے بینک اکاؤنٹ فراہم کرنا لازمی نہیں ہے۔

(12) حج پیکج (Long/Short)، اضافی سہولیات یعنی مدینہ منورہ میں مختصر قیام، علیحدہ رہائش اور مکتب وغیرہ کا انتخاب کرنے والے امیدواروں کی جانب سے اپنی مرضی کی پرواز کی کوئی درخواست قبول نہیں کی جائے گی۔

(13) تمام درخواست دہندگان اضافی سہولیات جیسے مختصر پیکج، مدینہ منورہ میں مختصر قیام، علیحدہ رہائش اور مکتب وغیرہ کا انتخاب سوچ سمجھ کر کریں جو کہ بعد میں تبدیل نہیں ہوگا۔

## <u>E- مختصر مدتی پیکج</u>

(1) عازمین حج اضافی ادائیگی کی بنیاد پر سعودی عرب میں 20 سے 25 دن کے مختصر قیام کا انتخاب کر سکتے ہیں۔ مدینہ منورہ میں قیام 3 سے 5 دن کا ہوگا۔

(2) اضافی رقم کا حساب سفری اخراجات اور مدینہ منورہ میں رہائش کی لاگت کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا گیا ہے۔

(3) مختصر قیام کی سہولت سعودی عرب میں رہائش اور ایئر ٹکٹ کی دستیابی پر منحصر ہے۔ درخواستیں زیادہ وصول ہونے کی صورت میں پہلے آئیے پہلے پایئے کی بنیاد پر انتخاب ہوگا۔ باقی درخواست گزاروں کو روایتی طویل مدتی حج پیکج میں منتقل کیا جائے گا اور اضافی رقم واپس کر دی جائے گی۔

(4) مختصر قیام کا دورانیہ ایئرلائنز کے فراہم کردہ شیڈول کے تحت 20 سے 25 دن کا ہوگا اور ایسے عازمین کی روانگی پاکستان سے جدہ، اور حج کے بعد مدینہ منورہ سے واپسی ہوگی۔

(5) حج فارم جمع کرانے کے بعد مدتی پیکج تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔

(6) اس سہولت کا انتخاب کرنے والے درخواست دہندگان کو وزارت کے فراہم کردہ شیڈول پر عمل کرنا ہوگا۔ پرواز چھوٹ جانے کی صورت میں اضافی اخراجات درخواست گزار کو ادا کرنے ہونگے۔

(7) مختصر قیام پیکیج اور روایتی طویل مدتی پیکج (38 سے 42 دن) میں سوائے قیام کے ایام کے علاوہ باقی تمام سہولیات یکساں ہیں۔

## <u>F- روایتی طویل مدتی پیکج</u>

روایتی طویل مدتی پیکج (38 سے 42 دن) پر محیط ہوگا جو ایئرلائنز کے فراہم کردہ شیڈول کی وجہ سے کم یا زیادہ ہو سکتا ہے۔ روایتی طویل مدتی پیکج میں مدینہ منورہ میں قیام 8 دن کا ہوگا۔ درخواست دہندگان اپنی خواہش کے مطابق مدینہ منورہ میں 8 کے بجائے 3 تا 5 دن قیام کا انتخاب کر سکیں گے۔ یہ سہولت حاصل کرنے والے عازمین حج US$ 120 / Rs. 35000 کم رقم جمع کروائیں گے۔

## <u>G- مکہ مکرمہ میں علیحدہ کمرہ</u>

مکہ مکرمہ میں رہائش ایک خودکار کمپیوٹرائزڈ نظام کے تحت ملے گی۔ یہ رہائش خاندان یا گروپ کی بنیاد پر نہیں بلکہ مردوں اور عورتوں کی علیحدگی کی بنیاد پر ہوگی جس میں ایک کمرے میں بیک وقت چھ افراد تک موجود رہ سکتے ہیں۔ عازمین حجاج بالترتیب PKR 180,000 / US$ 635 اور PKR 60,000 / US$ 215 کے اضافی رقم کی ادائیگی پر ڈبل اور ٹرپل بیڈ کی بنیاد پر اپنے گروپ کے لیئے (مرد و خواتین) علیحدہ رہائش کے انتخاب کی درخواست دے سکتے ہیں جو کہ رہائش/ کمروں کی دستیابی سے مشروط ہے۔ یہ سہولت صرف مکہ مکرمہ کے لیے ہی دستیاب ہوگی۔ ڈبل بیڈروم کی سہولت صرف دو افراد اور اسی طرح ٹرپل بیڈروم کی سہولت صرف تین افراد کے گروپ کے لئے ہوگی۔ مختص کردہ گنجائش سے زائد افراد کے قیام کی اجازت نہیں ہوگی۔

## <u>H- مکتب اپ گریڈیشن</u>

یہ سہولت صرف سپانسر شپ کے درخواست دہندگان کے لیئے ہے جو کہ US$ 300 کے اضافی اخراجات کی ادئیگی کے بعد مکتب کیٹیگری "C" کے انتخاب کی درخواست کر سکتے ہیں اس سہولت کی فراہمی مکتب کی دستیابی سے مشروط ہوگی۔ عدم دستیابی کی صورت میں اضافی رقم واپس کر دی جائے گی۔

## I-ڈیٹا کلیکشن فارم پُر کرنے کے لئے ہدایات:

(1) ڈیٹا کلیکشن فارم پُر کرنے سے پہلے ہدایات کو بغور پڑھ لیں۔ہدایات نہ ملنے کی صورت میں متعلقہ بینک سے مطالبہ کریں یا وزارت کی ویب سائٹس (mora.gov.pk یا www.hajjinfo.org) سے ڈاؤن لوڈ کریں۔ڈیٹا کلیکشن فارم خود پُر کریں بصورت دیگر لازم ہے کہ یہ فارم بینک کے عملہ سے پُر کروایا جائے اور پُر کروانے کے بعد **Hajj Registration Receipt** جس پر تصویر سمیت مکمل کوائف درج ہوں حاصل کریں اس رسید کو بغور پڑھ یا سن کر اطمینان کرلیں کہ آپ کے کوائف کا اندراج درست ہوا ہے۔غلطی ہونے کی صورت میں موقع پر ہی بینک سے درستگی کروا کر **Hajj Registration Receipt** دوبارہ حاصل کریں۔اس رسید پر بینک آفیسر کے دستخط اور بینک کی مہر ہونی چاہیئے۔Online Entry System بینک میں درخواست کے اندراج/تصدیق ہوتے ہی آپ کو وزارت سے SMS بھی وصول ہوگا۔وزارت کے میسج کے لئے ضروری ہے کہ آپ کی SIM کسی اور نیٹ ورک پر تبدیل نہ ہوئی ہو۔

(2) گروپ لیڈر اور تمام ممبران اپنے اصل کارآمد شناختی کارڈ اور پاکستانی مشین ریڈ ایبل بین الاقوامی پاسپورٹ کے ساتھ بینک سے رابطہ کریں اور **Hajj Registration Receipt** حاصل کریں۔

(3) **بینک میں حج اخراجات جمع کروانے کی ہدایات:** حج ریگولر یا اسپانسر شپ اور اضافی سہولیت کو بغور پڑھ/سمجھ لیں اور اطمینان کرلیں کہ حج اسکیم اور اضافی سہولیات (اگر ضرورت ہو) کی رقم متعلقہ بینک کو مقررہ تاریخ میں وصول ہونی چاہیئے۔

(4) **گروپ بنانے کا مقصد اور طریقہ کار:** گروپ بنانے کا مقصد یہ ہے کہ گروپ میں شامل تمام افراد کی حج کی ٹریننگ، حاجی کیمپ میں پہنچنے اور سفر حج پر روانہ ہونے اور واپسی کی تاریخیں ایک ہوں اور اسی طرح سعودی عرب میں مکہ و مدینہ میں رہائش، مکتب اور مناسکِ حج اکٹھے ہوں۔

(5) **گروپ بناتے ہوئے ان امور کا خاص خیال رکھیں:**

i گروپ زیادہ سے زیادہ چودہ (14) افراد پر مشتمل ہونا چاہیئے۔ایک خاندان کے لوگ یا نزدیکی رشتہ دار مل کر گروپ بنا سکتے ہیں۔گروپ درخواست دہندگان خود ترتیب دیں جس کا طریقہ یہ ہے کہ اپنے گروپ میں سے کسی ایک آدمی کو گروپ لیڈر نامزد کریں اور اس کے حج فارم کا درخواست نمبر باقی گروپ کے افراد اپنے فارم کے گروپ لیڈر کے خانے میں درج کریں۔

ii گروپ لیڈر ایک بالغ مرد ہی ہوسکتا ہے تاہم اسلامی نظریاتی کونسل کے 6 تا 7 جون 2023 کو منعقد کردہ اجلاس نمبر 232 میں کئے گئے فیصلے کے مطابق قابل اعتماد خواتین کا گروپ بنایا جاسکتا ہے۔اس صورت میں خاتون گروپ لیڈر بن سکتی ہے۔

iii درخواست انفرادی طور پر بھی دے سکتے ہیں، اس صورت میں اکیلا شخص بھی ایک گروپ تصور ہوگا اور درخواست گزار اپنا درخواست نمبر گروپ لیڈر کے کالم میں درج کرے۔

iv گروپ میں شامل تمام افراد کا مقامِ روانگی، حج سکیم کا Package اضافی سہولیات، فقہ، بینک، بینک برانچ اور گروپ لیڈر کا درخواست نمبر ایک ہونا ضروری ہے۔

v گروپ میں موجود عورتوں کے شرعی محرم اسی گروپ میں موجود ہونا ضروری ہے۔

vi <u>اگر ایک خاندان کے افراد کی تعداد چودہ (14) سے زیادہ ہو تو ایسے افراد دو یا دو سے زیادہ گروپ اس طرح بنائیں کہ عورتیں اور ان کے محرم ایک ہی گروپ میں موجود ہوں تا کہ اس گروپ کی کامیابی کی صورت میں تمام افراد اکٹھے سفرِ حج کریں اور ایک رہائش میں رہ سکیں۔</u>

vii Do You Require Shia Facility? کا انتخاب: فقہ جعفریہ سے تعلق رکھنے والے وہ درخواست گزار جو فقہ جعفریہ کی فقہی احکامات کے مطابق حج ادا کرنا چاہتے ہوں <u>Do You Require Shia Facility?</u> کے سوال کے جواب میں <u>Yes</u> کا انتخاب کریں۔

(6) تمام عازمینِ حج پر لازم ہے کہ تازہ ترین رنگین تصویر بنوائیں جو خوب واضح ہو اور سامنے کے رخ (کم از کم 70 فیصد چہرے پر محیط ہو)، تصویر پر کسی قسم کی مہر یا دستخط نہ ہوں۔بیک گراؤنڈ ہلکی نیلی ہو۔پولورائڈ (Polaroid) یا مدھم تصویر نہ ہو۔خواتین اپنی تصویر سر، بال، کان اور گلا ڈھانپ کر بنوائیں۔تصویر کا سائز 3.5 x 4.5 سینٹی میٹر (پاسپورٹ سائز) ہو۔فارم کے علاوہ دو عدد تصاویر اپنے ساتھ سعودی عرب لے جانے کیلئے محفوظ رکھیں۔ہر تصویر کی پشت پر اپنا حج درخواست نمبر اور نام لکھیں۔تصویر دیئے گئے خانے میں گوند سے چسپاں کریں۔فارم پر کمپیوٹر سے Scan شدہ تصویر نہ لگائیں۔

(7) ڈیٹا کلیکشن فارم خوشخط انگریزی میں نہایت احتیاط سے پُر کریں۔کوئی حرف غلط لکھ دیا جائے تو اس پر سفید فلوڈ (White Fluid) لگا کر دوبارہ اس خانہ میں صاف صاف لکھیں۔کوئی بھی متعلقہ کالم خالی نہ چھوڑیں اور غیر متعلقہ کالم خالی چھوڑ دیں۔

(8) فارم پُر کرنے کے لئے سیاہ یا نیلے رنگ کا بال پوائنٹ یا پین استعمال کریں۔

(9) مقامِ روانگی (PLACE OF DEPARTURE) کے خانہ میں اس مقام کا اندراج کریں جہاں سے آپ نے حج کیلئے روانہ ہونا ہے۔مقام روانگی میں کوئی تبدیلی نہیں کی جائیگی۔کسی POD پر عازمینِ حج کی مطلوبہ تعداد پوری نہ ہونے کی صورت میں یا کسی تکنیکی وجوہات یا Road to Makkah کی سہولت کی وجہ سے ان عازمینِ حجاج کو کسی بھی نزدیکی بڑے POD پر منتقل کردیا جائے گا۔

(10) فارم میں صرف وہی نام، ولدیت/زوجیت لکھیں جو آپ کے پاسپورٹ میں درج ہے۔نام، ولدیت/زوجیت لکھتے وقت Mr, Miss, Mrs, Maj, Dr وغیرہ کا استعمال نہ کریں۔

(11) <u>شناختی کارڈ پر بعض اوقات پرانا پتہ درج ہوتا ہے اس لئے حاجی کو بروقت اطلاع نہیں مل سکتی۔اس لئے پوسٹل ایڈریس کے خانے میں اپنا وہ پتہ لکھیں جہاں سے آپ کو ڈاک آسانی سے مل سکے۔</u>

(12) حج درخواست گزاروں کو چاہئے کہ وہ موبائل فون کے صحیح نمبر (ذاتی یا نزدیکی رشتہ دار کا) اور موبائل نیٹ ورک (یوفون، موبیلنک، ٹیلی نار، وارد، زونگ وغیرہ) درخواست فارم میں درج کریں۔جس پر وزارت کی جانب سے ان کو بھیجے گئے ایس۔ایم۔ایس (SMS) یا فون کال موصول ہوسکے۔وزارت کے میسج کے لئے ضروری ہے کہ مہیا کردہ موبائل نمبر کسی اور نیٹ ورک پر تبدیل نہ ہوا ہو۔

(13) محرم کا درخواست نمبر، محرم سے رشتہ (اردو میں) اور گروپ لیڈر کا اندراج بڑی احتیاط سے کریں۔

(14) بلڈ گروپ کا خانہ انتہائی احتیاط سے پُر کریں بلڈ گروپ تحریر کرنے سے پہلے کسی مستند میڈیکل لیبارٹری سے تجزیہ کروالیں۔

(15) <u>نامزدگی (NOMINEE) کے خانے میں کسی ایسے شخص کا نام، شناختی کارڈ نمبر اور موبائل نمبر تحریر کریں جو آپ کا خونی رشتہ دار ہو جس سے کسی حادثے یا مشکل حالات کی صورت میں پاکستان یا سعودی عرب سے فوراً رابطہ کیا جاسکے عازمِ حج کے انتقال کی صورت میں نامزد شخص ہی اس کے کسی ریفنڈ/رقم لینے کا حقدار ہوگا۔</u>